TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 8 (8-لہو اور قالین ،4-لگتا نہیں ہے دل مرا اُجڑے دیار میں-* سہیلی کے نام خط لکھ کر شکوہ کیجیے کہ وہ آپ کو بھلا بیٹھی ہے-
* "جھوٹ کی سزا" *دکاندار اور گاہک کے درمیان مکالمہ، مذکر / مونث)

St. Name		Test	Urdu	T. Marks	40	Time	60 Min
F. Name		Class	9th	T. Code	U#8	T. Date	

حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,Cاور Dدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے -ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا-8

-1	سردار تجمل حسین کی کوٹھی کانام تھا-						
(A)	لال حویلی	(B)	نفیس محل	(C)	النشام	(D)	الحمرا
-2	سبق" لہو اور قالین " میں اختر کا کردار ہے:						
(A)	مصور	(B)	نور	(C)	سرمایہ دار	(D)	پرائیویٹ سیکرٹری
-3	تجمل کے نزدیک اختر کو ضرورت تھی:						
(A)	پیسوں کی	(B)	دواکی	(C)	مکمل آرام کی	(D)	سیروسیاحت کی
-4	مصرع مکمل کیجیے: بلبل کا باغباں سے نہ صیاد سے------						
(A)	واسطہ	(B)	گلہ	(C)	شکوہ	(D)	شکایت
-5	خاندان مغلیہ کے آخری تاجدار تھے:						
(A)	جہانگیر	(B)	اورنگ زیب	(C)	بہادر شاہ ظفر	(D)	شہنشاہ اکبر
-6	انگریزوں نے بہادر شاہ ظفر کو قید کرکے کہاں بھیج دیا؟						
(A)	بمبئی	(B)	کلکتہ	(C)	بنارس	(D)	رنگون
-7	بچھڑا کی مؤنث ہے:						
(A)	بچھڑی	(B)	بچھڑن	(C)	بچھیا	(D)	بچھڑیا
-8	رنڈوا کی مؤنث ہے:						
(A)	رانڈ	(B)	مالکن	(C)	مطلقہ	(D)	گنوارن

حصّہ انشائیہ

سوالنمبر2 - مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے- 4

- عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
  دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں
- بلبل کو باغباں سے نہ صَیّاد سے گِلہ   قسمت میں قید لکھی تھی فَصل بہار میں

سوالنمبر3 - مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے- سبق کا عنوان ، مصنف کانام بھی لکھے- 05

آپ ابھی تک اِسے مذاق سمجھ رہے ہیں حالانکہ میں بالکل نارمل ہوں- ابھی تک آپ تصویر کا ایک ہی رخ دیکھ رہے ہیں اور اب اس کا دوسرا رخ دیکھے جو اتنا بھیانک اور اتنا خوفناک ہے کہ آپ کے تصورات کا شیش محل ابھی زمین بوس ہو جا ئے گا-

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے-

1) تجمل نے اختر کے بارے میں کس قسم کے خیالات کا اظہار کیا؟
2) انسان کی عمر دراز کے چار دن کیسے کٹتے ہیں؟
3) اختر کا حلیہ بیان کیجیے-
4) بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟
5) اختر کو کون تصویریں بنا کر دیتا تھا؟
6) بلبل کی قسمت میں کیا لکھا تھا؟

سوالنمبر5: سبق"لہو اور قالین " کا خلاصہ لکھئے- 05

سوالنمبر6: سہیلی کے نام خط لکھ کر شکوہ کیجیے کہ وہ آپ کو بھلا بیٹھی ہے- 10